RSPN | PDBP Pakistan Domestic Biogas Programme | Embassy of the Kingdom of the Netherlands | SNV Connecting People's Capacities | WINROCK INTERNATIONAL Putting Ideas to Work

# پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام


پلاٹ نمبر 15، روز ویلی، امین ٹاؤن، فیصل آباد

ٹیلیفون نمبرز: 2-0371 885(41-92+)   فیکس نمبر: 0373 885 (41-92+)


## نیوز لیٹر


شمارہ: جولائی تا ستمبر 2012ء

تحریر و ترتیب: نعیم احمد (کمیونکیشن اینڈ میڈیا آفیسر)


**اھم موضوعات**

- تعمیر بنک کی جانب سے بائیوگیس پلانٹ کیلئے قرضوں کی فراہمی کا آغاز
- پاکستان میں ٹوائلٹ کنکشن کیساتھ پہلے بائیوگیس پلانٹ کی تنصیب
- شیخوپورہ میں بائیوگیس پلانٹ کے افتتاح کی تقریب

# 2200 سے زائد بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر مکمل

## پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام پنجاب بھر میں سب سے زائد بائیوگیس پلانٹ لگانے والا ادارہ بن گیا

رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ RSPN کی جانب سے بائیوگیس کے استعمال کو فروغ دے کر دیہی آبادی کا معیار زندگی بہتر بنانے کیلئے شروع کئے گئے۔ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت وسطی پنجاب کے 12 اضلاع فیصل آباد، سرگودھا، جھنگ، چنیوٹ، خوشاب، ٹوبہ ٹیک سنگھ، شیخوپورہ، گوجرانوالہ، ننکانہ صاحب، ساہیوال، اوکاڑہ اور پاکپتن میں 2200 سے زائد بائیوگیس پلانٹ تعمیر کئے جا چکے ہیں۔ جبکہ اس دوران بائیوگیس سیکٹر کو مستقل بنیادوں پر تشکیل دینے کیلئے اس پروگرام کے تحت 250 سے زائد راج مستریوں کو عالمی معیار کے بائیوگیس پلانٹ بنانے کی تربیت مہیا کر کے مقامی سطح پر روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے 26 بائیوگیس تعمیراتی کمپنیاں بھی تشکیل دی گئیں ہیں۔ جو کہ عالمی معیار کے بائیوگیس پلانٹ تعمیر کر کے دیہی علاقوں میں ایندھن کا انتہائی سستا اور دیرپا متبادل مہیا کر رہی ہیں۔ یہ تعمیراتی کمپنیاں عالمی معیار کے بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر کے علاوہ بائیوگیس پلانٹ کی 4 سالہ گارنٹی دیتی ہیں اور اس کیساتھ ساتھ استعمال کنندگان کو بائیوگیس پلانٹ استعمال کرنے کے حوالے سے عملی تربیت اور بعد از فروخت سروس بھی مہیا کر رہی ہیں۔ ان اقدامات سے نہ صرف بائیوگیس کے استعمال کو فروغ دینے میں مدد مل رہی ہے بلکہ بائیوگیس پلانٹ کے مطمئن استعمال کنندگان کی شرح میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ بائیوگیس کے استعمال کو فروغ دینے کے حوالے سے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام، ایوب ایگریکلچر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ اور زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے مشترکہ ریسرچ پراجیکٹ نے بھی اس بات کو ثابت کیا ہے کہ بائیوگیس پلانٹ سے گیس بننے کے بعد باہر نکلنے والا گوبر "بائیوسلری" بہترین نامیاتی کھاد ہے۔ جس کے استعمال سے زرعی اجناس خصوصاً سبزیوں کی پیداوار میں 30 فیصد تک اضافہ اور کیمیائی کھادوں کے اخراجات میں 50 فیصد تک کمی لائی جاسکتی ہے۔ ایک بائیوگیس پلانٹ کی تنصیب سے فضائی آلودگی کا باعث بننے والی گیسوں کے اخراج میں سالانہ 3.3 ٹن تک کمی واقع ہوتی ہے۔ جبکہ خواتین اور بچوں کو دھویں سے لگنے والی بیماریوں اور ایندھن کیلئے لکڑی اکٹھی کرنے کی مشقت سے بھی نجات مل جاتی ہے۔ فلکسڈ ڈوم ڈیزائن کے بائیوگیس پلانٹ بغیر کسی اضافی خرچ و مرمت کے 20 سے 25 سال تک گیس مہیا کر سکتے ہیں۔









# بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کی سہ ماہی جائزہ میٹنگ کا احوال



وسطی پنجاب کے 12 اضلاع میں پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت بائیوگیس پلانٹس بنانیوالی تعمیراتی کمپنیوں کی سہ ماہی جائزہ میٹنگ ستمبر میں ہوئی۔ اس موقع پر تمام تعمیراتی کمپنیوں نے اپنی اپنی کارکردگی رپورٹ پیش کی اور آئندہ تین ماہ کیلئے نئی حکمت عملی طے کی گئی۔ اس دوران پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے گزشتہ ایک سال کے دوران مجموعی طور پر نمایاں کارکردگی دکھانے والی 5 بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کے سربراہان کو مطالعاتی دورہ پر بنگلہ دیش بھجوانے کا اعلان کیا گیا۔ بنگلہ دیش کے دورے پر جانے کیلئے منتخب ہونیوالوں میں جھنگ سے محمد نواز شاد، اعجاز حسین، منور علی شاہ، سرگودھا سے محبوب الٰہی اور خوشاب سے ندیم بابر شامل ہیں۔ جبکہ گزشتہ تین ماہ کے دوران بہترین کارکردگی کی حامل 5 بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کو انعام کے طور پر ایک ایک ٹول کٹ دی گئی۔ ٹول کٹ حاصل کرنیوالوں میں سرگودھا سے محمد اقبال رانجھا، محمد اسلم، ٹوبہ ٹیک سنگھ سے محمد امین، ساہیوال سے عامر سعید اور شیخوپورہ سے شکیل الرحمان شامل ہیں۔ اختتامی روز رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک کی چیف ایگزیکٹو آفیسر شندانہ خان، چیف آپریٹنگ آفیسر خلیل احمد تتلے، فنانس منیجر اسد علی ہاشمی اور منیجر سپیشل پراجیکٹس ذیشان زاہد بھی میٹنگ میں شریک ہوئے اور شرکاء سے تبادلہ خیال کیا۔







# بائیوگیس ٹیکنالوجی کا فروغ

پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کا ایک اہم مقصد عام لوگوں خصوصاً دیہی علاقوں کی خواتین اور کسانوں کو بائیوگیس پلانٹ لگوانے کے فوائد سے آگاہ کرنا ہے۔ تاکہ وہ بائیوگیس پلانٹ لگوانے کے ساتھ ساتھ اس کے بہتر استعمال سے اپنی زندگیوں میں زیادہ سے زیادہ آسائش اور سہولت حاصل کرسکیں۔ اس مقصد کے لئے PDBP کی جانب سے دیہی علاقوں کی خواتین کو بائیوگیس پلانٹ لگوانے کے فوائد سے آگاہ کرنے کے لئے ایک خصوصی کتابچہ تیار کیا گیا ہے۔ جو کہ دیہی علاقوں کے سکولوں اور کالجز کی طالبات میں تقسیم کیا جائیگا جبکہ بائیوگیس پلانٹ سے نکلنے والے گوبر Bio-slurry کے بطور نامیاتی کھاد فصلوں میں استعمال کو فروغ دینے کیلئے بھی ایک معلوماتی کتابچہ تیار کیا گیا ہے۔ جو کہ کسانوں اور بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کو فراہم کیا جارہا ہے۔




# TOP 3 BCCs
## July-September 2012



**1 ST**
اقبال رانجھا۔ سرگودھا
30 بائیوگیس پلانٹ



**2 ND**
منور علی شاہ۔ جھنگ
26 بائیوگیس پلانٹ



**3 RD**
محمد امین۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ
25۔ بائیوگیس پلانٹ

# مارکیٹرز کی سہ ماہی جائزہ میٹنگ

بائیوگیس تعمیراتی کمپنیوں کی جانب سے دیہی علاقوں میں بائیوگیس ٹیکنالوجی کی تشہیر اور مارکیٹنگ کرنیوالے مارکیٹرز کی گزشتہ تین ماہ کی کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے ستمبر میں سہ ماہی میٹنگ منعقد کی گئی۔ جس میں مارکیٹرز نے اپنی کارکردگی رپورٹ پیش کی اور فیلڈ میں




درپیش مسائل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر مجموعی طور پر اچھی کارکردگی کے حامل 2 مارکیٹرز سرگودھا سے غلام رسول اور فیصل آباد سے محمد ارشد کو مطالعاتی دورہ کیلئے بنگلہ دیش لیجانے کا بھی اعلان کیا گیا۔ قبل ازیں سرگودھا کے مارکیٹر غلام رسول، ٹوبہ ٹیک سنگھ سے محمد رمضان، محمد سلیم، طارق گجر جھنگ سے اشفاق حسین اور شیخوپورہ سے محمد ندیم نے نئے مارکیٹرز کو مارکیٹنگ کے حوالے سے اپنے تجربات سے آگاہ کیا۔ میٹنگ کے اختتام پر اگلے تین ماہ کیلئے حکمت عملی طے کی گئی۔

## بائیوگیس پلانٹ کم خرچ میں زندگی بھر کی سہولت

### سرگودھا کے مارکیٹر غلام رسول سے گفتگو

سرگودھا میں رانجھا بائیوگیس تعمیراتی کمپنی کے ساتھ بطور مارکیٹر کام کرنیوالے غلام رسول بھلوال اور کوٹ مومن کی تحصیلوں میں بائیوگیس کو فروغ دینے کیلئے سرگرم ہیں۔ ان کی کوششوں سے ابتک 130 سے زائد گھرانے بائیوگیس پلانٹ لگوا چکے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ لوگوں کو بائیوگیس پلانٹ لگوانے کے فوائد سے آگاہ کیا جائے تو وہ اسے لگوانے پر رضامند ہوجاتے ہیں۔ کیوں کہ مفت گیس وکھاد کی فراہمی اور گھر بھر کو دھویں سے لگنے والی بیماریوں سے بچانے کے باعث بائیوگیس پلانٹ دیہات میں گھر اور گھر والوں کی صحت و صفائی کا ضامن ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بائیوگیس کے فروغ کیلئے کام کرنے کے باعث لوگ انہیں عزت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور انہیں اپنے گھر کا ہی ایک فرد سمجھتے ہیں۔ غلام رسول کا کہنا ہے کہ اس کام میں کامیابی کیلئے ذاتی دلچسپی اور سماجی خدمت کے جذبے کا ہونا ضروری ہے۔ غلام رسول کو ان کی اچھی کارکردگی کی بنا پر پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے اکتوبر میں بنگلہ دیش کے مطالعاتی کے دورے پر بھجوایا جارہا ہے۔




## پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام میں شمولیت سے آمدنی اورعزت واحترام میں اضافہ ہوا

### 300 سے زائد بائیوگیس پلانٹ بنانیوالی کمپنی کے سربراہ محمد امین بھٹی

پاکستان میں بائیوگیس سیکٹر کو مستقل بنیادوں پر استوار کرنے کیلئے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے راج مستریوں کو عالمی معیار کے بائیوگیس پلانٹ بنانے کی تربیت دینے اور ہر ضلع میں مقامی افراد پر مشتمل بائیوگیس کمپنیوں کی تشکیل ایک اہم اقدام ہے۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں کام کرنیوالی امین بائیوگیس پلانٹ تعمیراتی کمپنی بھی ایک ایسا ہی ادارہ ہے۔ جسے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت سب سے زیادہ بائیوگیس پلانٹ بنانے والی کمپنی کا اعزاز حاصل ہے۔ امین بائیوگیس تعمیراتی کمپنی کے سربراہ محمد امین بھٹی اس سے قبل گورنمنٹ کنٹریکٹر کے طور پر کام کرتے تھے۔ تاہم پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام میں شمولیت کے بعد ان کا کہنا ہے کہ علاقہ میں ان کے عزت واحترام میں اضافہ ہوا ہے جبکہ ان کی آمدنی بھی ماضی کی نسبت زیادہ ہوئی ہے۔ اس کام میں بہتر مستقبل کو





دیکھتے ہوئے محمد امین بھٹی نے اپنے دو بیٹوں کو بھی مستقل بنیادوں پر اپنی کمپنی کا حصہ بنالیا ہے۔ محمد امین بھٹی کا کہنا ہے کہ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے گزشتہ سال نیپال کے مطالعاتی دورے، عملی معاونت اور تربیت نے مجھے کامیابی کی راہ دکھائی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت بننے والے بائیوگیس پلانٹ اپنے تعمیراتی معیار کی بنا پر دنیا کے بہترین بائیوگیس پلانٹ کہے جاسکتے ہیں۔ محمد امین بھٹی نے بتایا کہ وہ اس کام کو ایک کاروبار سے زیادہ سماجی خدمت سمجھتے ہیں۔ کیوں کہ بائیوگیس پلانٹ لگنے سے دیہی آبادی کی زندگی میں انقلابی تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ محمد امین بھٹی نے آئندہ اپنے کاروبار کو مضبوط بنیادوں پر استوار کرنے کیلئے گوجرہ میں سمندری روڈ پر اپنی بائیوگیس تعمیراتی کمپنی کا دفتر بنالیا ہے۔ جبکہ ان کے پاس کام کرنیوالے مارکیٹر، سپروائزر، راج مستری اور ویلڈرز نے بھی بائیوگیس پلانٹ تعمیر کرنے کے کام سے وابستہ ہوکر معاشی خوشحالی حاصل کی ہے۔ محمد امین بھٹی کا کہنا ہے کہ بائیوگیس پلانٹ لگانے سے دیہی آبادی کو ایندھن کا سستا اور دیرپا متبادل مہیا ہورہا ہے جس کیلئے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی خدمات قابل تحسین ہیں۔

## خواتین کیلئے بائیوگیس پلانٹ کی روزمرہ دیکھ بھال اور چولہے کے استعمال کی تربیت کا احوال

بائیوگیس پلانٹ کی بہترین کارکردگی کا انحصار اس کی باقاعدہ دیکھ بھال اور چولہے کے صحیح استعمال پر ہے۔ اس مقصد کیلئے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے بائیوگیس پلانٹ لگوانے والے ہر گھرانے کی عملی تربیت کی جاتی ہے جبکہ مزید رہنمائی کیلئے ایک باتصویر کتابچہ اور باورچی خانے میں لگانے کیلئے تصویری چارٹ مہیا کیا جاتا ہے۔ تاکہ گھریلو صارفین ان تصاویر اور دی گئی ہدایات کو پرعمل کرتے ہوئے روزمرہ کے چھوٹے چھوٹے مسائل سے بچ سکیں اور بائیوگیس کے چولہے ودیگر آلات کی بروقت صفائی کو یقینی بناسکیں۔ اس حوالے سے گزشتہ دنوں ساہیوال میں ایک میٹنگ منعقد کی گئی جس میں جینڈر اینڈ سوشل موبلائزیشن آفیسر منزہ یاسمین نے خواتین کو بائیوگیس پلانٹ کی فیڈنگ، چولہے اور پریشر گیج کے استعمال اور بائیوسلری کو ذخیرہ کرنے کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ اس کے علاوہ میٹنگ میں موجود خواتین کو بائیوگیس پلانٹ کے مین والو کے استعمال اور صفائی، گیس کی لیکیج کو چیک کرنا، اوورفلو کے راستے کی صفائی، پانی کے نکاس، چولہے کی صفائی اور استعمال، گیس لیمپ کے استعمال سے متعلق عملی تربیت مہیا کی گئی۔ جبکہ بائیوگیس پلانٹ لگوانے والے گھرانوں کی خواتین کو اس بات کی بھی تاکید کی گئی کہ وہ اس کے فوائد دیکھتے ہوئے دیہات کے دیگر گھرانوں کو بھی بائیوگیس پلانٹ لگوانے کا مشورہ دیں۔ اس موقع پر میٹنگ میں شریک خواتین نے عملی تربیت کو اپنے لئے نہایت مفید قرار دیتے ہوئے خوشی کا اظہار کیا کہ ادارے کی جانب سے اس تربیتی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔



# تعمیر بائیوگیس پلانٹ قرضہ

## فیصل آباد سے پائلٹ پراجیکٹ کا آغاز

بائیوگیس پلانٹ لگوانے والے گھرانوں کیلئے چھوٹے قرضوں کی فراہمی کے لئے تعمیر بنک اور پاکستان گھریلو بائیو گیس پروگرام کے مابین ایک مفاہمتی یاداشت پر دستخط کئے گئے ہیں۔ جس کے تحت تعمیر بنک ابتدائی طور پر فیصل آباد سے ایک پائلٹ پروجیکٹ کا آغاز کرے گا۔ اس پائلٹ پروجیکٹ کے تحت بائیوگیس پلانٹ لگوانے کے خواہشمند گھرانے پلانٹ کی کل قیمت کا 75 فیصد تک بطور قرض حاصل کرسکیں گے۔ اس پائلٹ پروجیکٹ کی کامیابی کے بعد اس کو دوسرے اضلاع میں بھی توسیع دی جائے گی۔ تاکہ قرض کے خواہشمند گھرانے اس سہولت کی دستیابی سے اپنے لئے ایک کارآمد چیز کا حصول ممکن بناسکیں گے۔ تعمیر بنک کی جانب سے شروع کئے جانیوالے اس پراجیکٹ کے تحت ابتدائی طور پر فیصل آباد میں موجود تعمیر بنک کی برانچوں کے نزدیکی دیہات کے رہائشی افراد کو پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت بائیوگیس پلانٹ لگوانے کیلئے ترجیحی بنیادوں پر قرضوں کی فراہمی ممکن ہوجائے گی

## پاکستان میں ٹوائلٹ کنکشن کیساتھ پہلا بائیوگیس پلانٹ



بائیوگیس پلانٹ گیس کی فراہمی اور نامیاتی کھاد کی دستیابی کی وجہ سے دیہی علاقوں میں تیزی سے مقبول ہورہا ہے۔ لیکن اگر بھینسوں کے گوبر کے ساتھ ساتھ گھر کے ٹوائلٹ کو بھی بائیوگیس پلانٹ کیساتھ منسلک کردیا جائے تو اس سے گھر والوں کو نہ صرف ایک اور سہولت حاصل ہوجاتی ہے۔ بلکہ انہیں سیوریج کے مسائل اور گندگی و بیماریوں سے بھی نجات مل جاتی ہے۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ دیہی علاقوں میں گھروں کے اندر ٹوائلٹ کی سہولت میسر نہیں ہوتی ہے اور اگر ہو تو اس کا سیوریج کھلی نالیوں میں جانے کے باعث تعفن اور بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ انہیں مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کی جانب سے ہر بائیوگیس پلانٹ کی تعمیر کیساتھ ٹوائلٹ اٹیچ کرنے کیلئے بھی کنکشن کا اضافی پائپ لگایا جاتا ہے اور اہلخانہ کو اس پر ٹوائلٹ تعمیر کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے علاقہ چک 302 گ،ب بھٹی چک کے رہائشی محمد اقبال نے اپنے بائیوگیس پلانٹ کیساتھ لگے اضافی پائپ پر ٹوائلٹ تعمیر کرکے صحت وصفائی کے حوالے سے بائیوگیس پلانٹ استعمال کرنیوالے دیگر افراد کیلئے ایک عملی مثال پیش کردی ہے۔

## شیخوپورہ میں بائیوگیس پلانٹ کے افتتاح کی تقریب

پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام کے تحت شیخوپورہ کے علاقہ فاروق آباد کے گاؤں "ایسر کے" میں بائیوگیس پلانٹ کے افتتاح کی تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر PDBP کے پروگرام منیجر محمد سجاد حیدر اور ڈی ڈی او لائیوسٹاک ڈاکٹر احسان نے اہل علاقہ کے ہمراہ فیتہ کاٹ کر بائیوگیس پلانٹ کا افتتاح کیا۔ مہمان خصوصی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ RSPN اور PDBP کی جانب سے عالمی معیار کے بائیوگیس پلانٹس کی تعمیر سے دیہی آبادی کیلئے ایندھن کا انتہائی سستا اور دیرپا متبادل مہیا کیا جارہا ہے۔ جو کہ قابل تحسین بات ہے اور اس کے فروغ کیلئے محکمہ زراعت و لائیوسٹاک کی جانب سے بھی بھرپور ساتھ دیا جائیگا۔






RSPN
رورل سپورٹ پروگرامز نیٹ ورک
7، سٹریٹ 49، F-6/4، اسلام آباد
www.rspn.org

علاقائی نمائندے و کوالٹی کنٹرول سنٹرز

| | |
|---|---|
| فیصل آباد | 0308-5209513 |
| سرگودھا اور خوشاب | 0307-5551315 |
| جھنگ اور چنیوٹ | 0307-5551316 |
| ٹوبہ ٹیک سنگھ | 0307-5551317 |
| شیخوپورہ، ننکانہ، گوجرانوالہ | 0301-8567260 |
| ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن | 0307-5551317 |

Pakistan Domestic Biogas Programme
PDBP
پاکستان گھریلو بائیوگیس پروگرام
پلاٹ نمبر 15، روز ویلی، امین ٹاؤن، فیصل آباد
ٹیلیفون نمبرز: 2-0371 885(41-92+)
فیکس نمبر: 0373 885 (41-92+)